Inam

27-10-2024

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

(Music)

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ڈیجیٹل Arrest کے نام پر جاری دھوکہ دہی پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور لوگوں کو مشورہ دیا کہ وہ خوفزدہ نہ ہوں اور ڈیجیٹل سکیورٹی کیلئے ضروری اقدامات اپنائیں۔

☆ آکاشوانی پر ''من کی بات'' کے اپنے پروگرام میں وزیر اعظم نے عالمی Animation اور Gaming صنعت میں بھارت کے بڑھتے ہوئے رول کو اجاگر کیا اور اختراعی فن اور ثقافت کے تحفظ اور انہیں مقبول بنانے میں نوجوانوں کے رول کی تعریف کی۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج مغربی بنگال میں بھارت-بنگلہ دیش سرحد پر Petrapole Land Port میں مسافروں کیلئے نئی ٹرمنل عمارت اور مال برداری کے گیٹ 'میتری دُوار' کا افتتاح کیا۔

☆ Squash میں، فرانس میں Couzeix کے بین الاقوامی خواتین کے اوپن میں Akanksha Salunkhe نے خواتین کا سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں ، احمد آباد میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جارہا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM MANN KI BAAT**

وزیر اعظم نریندر مودی نے ڈیجیٹل **Arrest** کے نام پر جاری دھوکہ دہی پر تشویش کا اظہار کیا ۔ آج صبح آکاشوانی پر 'مَن کی بات' کے اپنے پروگرام میں قوم سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے اِس بات پر زور دیا کہ اِس طرح کی دھوکہ دہی سے نمٹنے کیلئے تحقیقاتی ایجنسیاں ، ریاستی سرکاروں کے ساتھ مل کر کام کررہی ہیں۔ انہوں نے اِس بات کو دوہرایا کہ قانون کے تحت ڈیجیٹل **Arrest** کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

اپنے خطاب کے دوران وزیر اعظم نے دھوکہ دہی کا شکار ہونے والے اور دھوکہ دہی کرنے والوں کے درمیان ریکارڈ کی گئی بات چیت مشترک کی اور اِس بات کی مثال پیش کی کہ کس طرح دھوکہ دہی کرنے والے لوگ ذاتی معلومات حاصل کرنے اور خوف پیدا کرنے کیلئے خود کو پولیس ، **CBI** یا نارکوٹکس افسروں کے طور پر پیش کرتے ہیں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ دھوکہ دہی کرنے والوں کے اِس حربے سے خاطر خواہ مالی نقصان پہنچا ہے اور سبھی عمر کے لوگوں کو متاثر کرتا ہے۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ تحقیقاتی ایجنسیاں فون یا ویڈیو کالس کے ذریعے انکوائریاں نہیں کرتیں ، جناب مودی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ پُرسکون رہیں اور اس طرح کی دھوکہ دینے والی فون کالس کے دوران کسی طرح کی ذاتی معلومات فراہم کرنے سے گریز کریں۔

وزیر اعظم نے ڈیجیٹل دھوکہ دہی سے بچنے کیلئے ڈیجیٹل سکیورٹی کیلئے تین اقدامات کا ذکر کیا ، جن میں **Stop-Think-Take Action** شامل ہیں یعنی رکیں ، سوچیں ، کارروائی کریں۔

انہوں نے لوگوں کو چوکنا رہنے کا مشورہ دیا اور کسی کو بھی ذاتی تفصیلات مشترک کرنے سے بچنے کیلئے کہا اور اس بات پر زور دیا کہ اگر ضروری ہو تو اس طرح کی کالس کو ریکارڈ کریں یا ان کا اسکرین شاٹ لیں تاکہ حکام کی مدد کی جاسکے۔ وزیر اعظم نے شہریوں کو مشورہ دیا کہ وہ قومی سائبر ہیلپ لائن **1930** پر کال کرکے سائبر دھوکہ دہی کے خلاف فوری کارروائی کریں اور **cybercrime.gov.in** پر اس طرح کے واقعات کی رپورٹ کریں۔

انہوں نے عوام کی اِس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی کہ وہ اپنے کنبے اور مقامی پولیس کو اس بارے میں مطلع کریں۔

جناب مودی نے اس بات کو اجاگر کیا کہ نیشنل سائبر کوآرڈینیشن سینٹر قائم کیا گیا ہے تاکہ سائبر دھوکہ دہی سے نمٹنے میں سرکاری ایجنسیوں کے درمیان بلا روک ٹوک تعاون کو یقینی بنایا جاسکے۔ اِن ایجنسیوں کی جانب سے لاکھوں **Sim** کارڈس ، موبائل فون اور گھپلوں میں استعمال ہوئے بینک کھاتوں کے ساتھ دھوکہ دینے والی ہزاروں ویڈیو کالنگ **ID's** کو بند کردیا گیا ہے۔ وزیر اعظم نے اس طرح کی سائبر دھوکہ دہی کے شکار ہونے والے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ **#SafeDigitalIndia** کا استعمال کرکے اِس طرح کے گھپلوں کے بارے میں عوام کے درمیان بیداری پھیلائیں اور اسکولوں اور کالجوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سائبر جرائم کے خلاف مہم میں طلباء کو شامل کریں۔

کل **Animation** کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ اپنے خطاب کے دوران وزیر اعظم نے **Animation** صنعت میں بھارت کے بڑھتے ہوئے اثر کو اجاگر کیا ۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ بھارت کو **Animation** کا ایک اہم عالمی مرکز بنانے کی کوشش کریں۔ انہوں نے چھوٹا بھیم ، ڈھولک پور کا ڈھول ، کرشنا ، ہنومان اور موٹو پتلو جیسے بھارتی **Animated** سیریز کو پسند کرنے والوں کی تعداد میں دنیا بھر میں اضافے پر خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ **Animation** اب روز مرہ کی زندگی میں سرایت کررہی ہے اور **Smart** فون سے لے کر سینما اسکرین تک ہر جگہ ظاہر ہورہی ہے۔

جناب مودی نے بھارت کی **Gaming** صنعت کے تیزی سے پھیلنے کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ بھارت کے **Games** اور ٹیلنٹس کو دنیا بھر میں تسلیم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بھارتی فنکار ہری نارائن راجیو کی مثال پیش کی ، جنہوں نے **Spider Men** اور **Transfoermers** فلموں کو اہم تعاون دیا اور دنیا بھر سے ستائش حاصل کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آج ہمارے نوجوان **Origin Indian Content** ، جس میں ہماری ثقافت کی جھلک ہوتی ہے، وہ تیار کررہے ہیں۔ انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ **VR** ٹورزم کے اضافے کے ساتھ ہی **Animation** سیکٹر نے ایک صنعت کو نئی شکل دی ہے، جو دیگر صنعتوں کو طاقت دے رہا ہے۔

انہوں نے نہ صرف **Animaters** کیلئے بڑھتی ہوئی مانگ کا ذکر کیا ، بلکہ داستان گو ، ادیبوں ، **Voice Over** فنکاروں ، موسیقی کاروں ، **Game** تیار کرنے والوں اور **VR** اور **AR** کے ماہرین کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے ، نوجوان لوگوں کی ، اُن کی اختراعی صلاحیت میں لگاتار توسیع کیلئے حوصلہ افزائی کی۔

آج کی ''من کی بات'' میں، وزیر اعظم مودی نے عظیم سورماؤں، سردار پٹیل اور بھگوان برسا منڈا کی وراثتوں کا بھی ذکر کیا اور ان کے **150** ویں یوم پیدائش کے لیے ایک سال طویل تقریبات کا انعقاد کا اعلان کیا۔ سردار پٹیل کے **150** ویں یوم پیدائش کا سال اگلے مہینے کی **15** تاریخ سے شروع ہوگا جبکہ بھگوان برسا منڈا کے **150** ویں یوم پیدائش کا سال اگلے مہینے کی **15** تاریخ سے شروع ہوگا۔ جناب مودی نے کہا کہ اس سال سردار پٹیل کا یوم پیدائش، **31** اکتوبر کو دیوالی کے موقع پر منعقد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسی کی وجہ سے، **"Run for Unity"**، **31** اکتوبر کے بجائے **29** اکتوبر کو منعقد کی جائے گی۔ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں اس میں حصہ لیں۔ ماضی کی تقریبات کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے، جناب مودی نے مہاتما گاندھی کے **150** ویں یوم پیدائش کے عالمی سطح پر پڑنے والے اثرات کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ **Times Square** سے لیکر افریقہ کے دور دراز کے گاؤں تک لوگوں نے مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے اور اس کے ساتھ ہی دنیا بھر میں لوگوں نے سچائی اور عدم تشدد سے متعلق بھارت کے پیغام کو سمجھا اور اس سے از سرِ نو آگاہی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ سوامی وویکانند کے **150** ویں یوم پیدائش کی تقریبات کے سبب بھارت کے نوجوانوں کو ملک کی روحانی

وراثت کے ساتھ جڑنے کی ترغیب فراہم ہوئی۔ جناب مودی نے لوگوں نے حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ وہ بھارت کے مرد آہن سردار پٹیل کے بارے میں اپنے خیالات و نظریات #Sardar150 پر پیش کریں اور دھرتی-آبا برسا منڈا کے بارے میں اپنے خیالات سے Birsa Munda 150# پر آگاہ کریں۔ وزیر اعظم نے اپنے خطاب میں، خوش نویسی اور خطاطی کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان دنوں، جموں و کشمیر میں مقامی ثقافت کو مقبول بنانے کی غرض سے خطاطی کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے اس سلسلے میں جموں و کشمیر میں اننت ناگ کی فِردوسہ بشیر جیسے لوگوں کی داستانیں بیان کیں، جو مقامی ثقافت کو اُجاگر کرنے کی غرض سے خطاطی کا استعمال کر رہے ہیں۔ ان کے علاوہ اودھم پور کے گوری ناتھ جیسے لوگ، صدیوں پرانی سارنگی کے ساتھ ڈوگرہ وراثت کو محفوظ رکھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے تلنگانہ کے D-Vaikuntham جیسے فنکاروں کی کاوشوں کا بھی اعتراف کیا، جنہوں نے گزشتہ 50 سال سے زیادہ عرصہ سے Cheriyal لوک فن کو فروغ دیا ہے جبکہ چھتیس گڑھ کے Butluram-Mathra، Abu-Jhamadia قبیلے کے لوک آرٹ کے تحفظ کے لیے کام کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم مودی نے دنیا بھر میں کی جانے والی پہل قدمیوں کی ستائش کی۔ جن میں کویت میں عبداللہ البارون کے ذریعہ رامائن اور مہابھارت کا عربی زبان میں کیا جانے والا ترجمہ بھی شامل ہیں۔ انہوں نے اس بات کو نمایاں کیا کہ بھارت کا کلاسیکی رقص کس طرح جنوبی امریکہ میں مقبولیت حاصل کر رہا ہے۔ فٹ نیس کے بارے میں، جناب مودی نے فٹ انڈیا تحریک کی بڑھتی مقبولیت کی ستائش کی اور سری نگر میں یوگ کے دن کے موقع پر موسلا دھار بارش کی باوجود لوگوں نے یوگ آسن کیے۔ جناب مودی نے دھن تیرس، دیوالی، چھٹ پوجا، اور گرونانک جینتی سمیت آنے والے تہواروں کے لیے اپنی نیک خواہشات پیش کیں۔x

## AMIT SHAH LAND PORT

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج مغربی بنگال میں بھارت-بنگلہ دیش سرحد پر پیترا پول میں خشک بندرگاہ ''میتری دُوار'' کی نو تعمیر شدہ مسافر ٹرمنل عمارت اور کارگو گیٹ کا افتتاح کیا۔ Petrapole Land پورٹ Uttar 24 پرگنہ ضلع میں واقع ہے، جو جنوبی ایشیا میں سب سے بڑی بندر گاہ ہے اور اس ٹرمنل کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان شہریوں کی آمدروفت کو آسان بنانا اور بین الاقوامی تجارت کو فروغ دینا ہے۔

یہ یومیہ 20 ہزار مسافروں سے نمٹنے کی صلاحیت اور ایک ہی جگہ ایمیگریشن ، کسٹمز اور سکیورٹی خدمات فراہم کرنے کے ساتھ علاقائی بنیادی ڈھانچے میں خاطر خواہ اضافہ کرے گا۔

Maitri Dwar کارگو گیٹ دونوں ملکوں کی جانب سے ایک مشترکہ سہولت ہے۔ جناب شاہ نے پچھلے سال 9 مئی کو اِس پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھا تھا۔ وہ آج رات نئی دلّی لوٹنے سے پہلے کولکاتہ کی Salt Lake میں مشرقی زونل ثقافتی سینٹر میں ایک پارٹی پروگرام میں شرکت کریں گے۔ x

## PM CHESS

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج بھارت کے شطرنج کے گرینڈ ماسٹر **Arjun Erigaisi** کو براہ راست شطرنج کی درجہ بندی میں **2800** کا ہندسہ عبور کرنے پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں جناب مودی نے ان کی غیر معمولی سلاحیتوں اور مستقل مزاجی کی تعریف کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سے بہت سے نوجوانوں کو شطرنج کھیلنے اور عالمی سطح پر شناخت قائم کرنے کے لیے رغبت حاصل ہوگی۔×

## CRICKET

خواتین کرکٹ میں ، احمد آباد میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ جاری ہے۔ ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے، مہمان ٹیم نے اب سے کچھ دیر پہلے تک **6** اوورس میں **28** رَن بنا لئے ہیں۔ تین میچوں کی سیریز میں پہلے میچ میں بھارت نے احمد آباد میں نیوزی لینڈ کو **59** رَن سے شکست دی تھی۔**x**

## SPORTS

بھارت کے کھلاڑیوں نے مختلف مقابلوں میں قابلِ ذکر کامیابیاں حاصل کی ہیں اور وہ آج بھی کئی دیگر مقابلوں میں حصہ لیں گے۔ اسکولیش میں، بھارت کی آکانکشا **Salunkhe** نے فرانس میں **Couzeix-2024** کے دوسرے انٹرنیشنل ویمین اوپن کے خواتین کے سنگلز کا ٹائٹل حاصل کیا۔ انہوں نے کل رات فائنل میں ملیشیا کی **Yasshmita** جدیش کمار کو ہرا کر یہ باوقار خطاب جیتا۔

کُشتی میں، بھارت کے ابھیشیک نے البانیا میں **Tirana** کے مقام پر **23** سال سے کم عمر کے کھلاڑیوں کی ورلڈ چیمپئن شپ **2024** میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ انہوں نے کل رات مردوں کے فری اسٹائل کے **61** کلوگرام زمرے میں یوکرین کے **Maykyta** اَبر ہموف کو تین-صفر سے شکست دے کر کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔

ٹیبل ٹینس میں، بھارت کی **Yashaswini** گھورپڑے اور **Krittwika** رائے کی جوڑی ، اٹلی میں **Cagliari** کے مقام پر جاری **WTT** فیڈر چیمپئن شپ میں خواتین کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ آج رات خطابی مقابلے میں ان کا سامنا جنوبی کوریا کی **Kim-Haeun** اور **Yoo-Siwod** کی جوڑی سے ہوگا اور فٹبال میں، بھارت کی سینئر خواتین کی فٹبال ٹیم آج کاٹھمانڈو میں سیف چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں میزبان نیپال کا سامنا کرے گی۔×

## JHARKHAND NOMINATION

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال کل کی جائے گی۔ اس مرحلے میں 13 نومبر کو 43 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ پہلے مرحلے کے لیے پرچے نامزدگی داخل کرنے کا عمل جمعہ کو ختم ہو گیا ہے۔ امیدوار اس ماہ کی 30 تاریخ تک اپنے کاغذاتِ نامزدگی واپس لے سکتے ہیں۔ جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات دو مرحلوں میں کرائے جائیں گے۔ دوسرے مرحلے کے لیے ووٹنگ 20 نومبر کو ہوگی۔x

کیرالہ میں وائناڑ پارلیمانی سیٹ کیلئے اور مختلف ریاستوں میں 47 اسمبلی حلقوں کیلئے ضمنی چناؤ کیلئے جمعہ کو نامزدگی پرچے داخل کرنے کا عمل ختم ہوگیا۔ اترپردیش میں 9 اسمبلی سیٹوں ، راجستھان میں 7 سیٹوں ، مغربی بنگال میں 6 سیٹوں ، آسام میں 5 سیٹوں ، بہار اور پنجاب میں چار - چار سیٹوں ، کرناٹک میں 3 سیٹوں اور کیرالہ ، مدھیہ پردیش اور سکم میں دو - دو سیٹوں کیلئے ضمنی چناؤ ہوں گے۔ اس کے علاوہ چھتیس گڑھ ، گجرات اور میگھالیہ میں ایک - ایک سیٹ کیلئے ضمنی چناؤ بھی ہوں گے۔ اِن سیٹوں پر ووٹوں کی گنتی اگلے ماہ کی 13 تاریخ کو ہوگی، جبکہ وائناڑ پارلیمانی حلقے کیلئے ضمنی چناؤ بھی اسی روز ہوگا۔ مہاراشٹر اور اتراکھنڈ میں کیدار ناتھ اسمبلی سیٹ میں لوک سبھا کی Nanded سیٹ کیلئے ضمنی چناؤ 20 نومبر کو ہوں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔ x

## SPAIN PRESIDENT

اسپین کے صدر Pedro-Sanchez آج بھارت کے تین روزہ دورے پر آ رہے ہیں۔ ان کی اہلیہ محترمہ Begona-Gomez بھی اس دورے میں اُن کے ہمراہ ہوں گی۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ ان کا بھارت کا پہلا دورہ ہے۔ یہ اسپین کے کسی بھی صدر کا 18 سال بعد بھارت کا دورہ ہوگا۔

اس سے پہلے وزیر اعظم نریندر مودی اور اسپین کے صدر Sanchez، کثیر سطحی کانفرنسوں کے موقع پر کئی مرتبہ ملاقاتیں کر چکے ہیں۔ اس دورے کے دوران، صدر Sanchez وزیر اعظم مودی کے ساتھ وفود کی سطح کی بات چیت کریں گے۔ دونوں لیڈرس، وڈوڈرہ میں ہوابازی کے شعبے میں ''میک اِن انڈیا'' پہل قدمی کے تحت، C-295 طیاروں کے فاضل اسمبلی لائن پلانٹ کا افتتاح کریں گے۔

یہ پلانٹ، ایئر بس اسپیس کے اشتراک کے ساتھ ٹاٹا ایڈوانسڈ سسٹم کے ذریعہ تعمیر کیا گیا ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ڈیجیٹل Arrest کے نام پر جاری دھوکہ دہی پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور لوگوں کو مشورہ دیا کہ وہ خوفزدہ نہ ہوں اور ڈیجیٹل سکیورٹی کیلئے ضروری اقدامات اپنائیں۔

☆ آکاشوانی پر ''من کی بات'' کے اپنے پروگرام میں وزیر اعظم نے عالمی **Animation** اور **Gaming** صنعت میں بھارت کے بڑھتے ہوئے رول کو اجاگر کیا اور اختراعی فن اور ثقافت کے تحفظ اور انہیں مقبول بنانے میں نوجوانوں کے رول کی تعریف کی۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج مغربی بنگال میں بھارت-بنگلہ دیش سرحد پر **Petrapole Land Port** میں مسافروں کیلئے نئی ٹرمنل عمارت اور مال برداری کے گیٹ 'میتری دُوار' کا افتتاح کیا۔

☆ **Squash** میں، فرانس میں **Couzeix** کے بین الاقوامی خواتین کے اوپن میں **Akanksha Salunkhe** نے خواتین کا سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں ، احمد آباد میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جارہا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---